# انڈیا فاؤنڈیشن فار دی آرٹس

اپنے آرٹس پریکٹس پروگرام کے تحت

## آرٹ پلیٹ فارمس کیلئے

درخواستیں مدعو کرتا ہے۔

درخواستیں سال بھر کبھی بھی بھیجی جاسکتی ہیں

**آرٹس پریکٹس پروگرام** ایسے پراجکٹس یا منصوبوں کی تشکیل کی جانب گامزن ہے جو آرٹسٹ کو انکے موجودہ کام کے دائرے کو وسعت دینے میں مدد کرے اور انھیں نئی راہیں دکھائے ۔یہ نہ صرف موجودہ روشوں پر سوال اٹھانے میں اور انکے مواد، ہیئت اور میڈیئم کی حدوں کو پار کرنے میں مدد کرے بلکہ انکے خاص مقام، انکے ناظرین اور سماج کے ساتھ شمولیت میں نئے طریقے ڈھونڈنے میں اور تجربے کی روح کو بنیاد بنانے میں مدد کرے۔

**آرٹ پلیٹ فارمس:**

کبھی کبھی آرٹسٹس ایک مقام پر اکٹھا ہونے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں تاکہ آپسی تبادلہ خیالات ہو، اظہار کے نئے طریقے نکالے جائیں اور اپنے کام کو آگے بڑھانے کیلئے نیٹ ورکس بنانے کا انتظام ہو۔ اس طرح کی جماعت یا ملاقات کی ضرورت اس بات سے بھی ابھرتی ہے کہ وہ اپنے موضوع یا شعبے سے باہر نکل کر سوچیں، کافی وقت سے اکیلے کام کرنے والے اپنے دائرے کو توڑیں، یا دنیا کے موجودہ سماجی و سیاسی حالات کا ایک آرٹسٹ کی نظر سے کیسے سامنا کریں یا جواب دیں۔

آرٹ پریکٹس پروگرام کے تحت ہم آرٹ پلیٹ فارمس کیلئے ایسے پروپوزلس مدعو کرتے ہیں جو ان نیٹ ورکس اور جگہوں کو ترغیب دیں، چاہے وہ مادّی ہوں یا نہیں، جو ایک شعبے یا مختلف شعبوں کے آرٹسٹس کو ایک مشترک مقام پر لائیں تاکہ آپس میں یکجہتی اور رفاقت پیدا ہو، تخلیقی صلاحیات ابھریں، اور انکی کارکردگی کو سہارہ ملے۔

پراجکٹ کی مدت: 12 مہینے تک

بجٹ: زیادہ سے زیادہ -/3,00,000 (3 لاکھ) روپے تک-

(آپ مجوزہ بجٹ کے 30 فی صدی تک اپنی اعزازی فیس کی درخواست کر سکتے ہیں)

کیلنڈر: درخواستیں سال بھر کبھی بھی بھیجی جاسکتی ہیں

**پروپوزل کون بھیج سکتا ہے:**

یہ پروگرام ان تمام کام کرنے والوں سے پروپوزل مدعو کرتا ہے جو کسی بھی ایک یا ایک سے زیادہ ڈسپلن یا موضوع پر کام کر رہے ہوں مثلاً

- اداکار آرٹسٹ جو موسیقی، آواز، الفاظ، رقص، حرکت، تھیٹر، کٹھ پتلی، کہانی کاری، جادو، سرکس یا دوسرے پرفارمنگ آرٹس کے کارندے ہوں۔
- تصویری آرٹسٹس جو ہر طرح کے فارمس میں کام کر رہے ہوں بشمول فلم (ڈاکیومینٹری اور فکشن)، اینیمیشن، فوٹوگرافی، انسٹالیشن، نیو میڈیا، مصنوعی عقل، روبوٹکس، انٹریکٹیو آرٹس، گیمنگ، پینٹنگ، مجسمہ سازی، چھپائی، کامکس، گرافک نیریٹیو، آرٹسٹ بک، اور دوسرے تصویری آرٹس۔
- کیوریٹرز، خاص طور پر وہ جو گیلری کی باقاعدگی سے باہر کام کر رہے ہوں۔
- شاعر، ناولسٹ اور ڈرامہ نویس جو ادب کے ساتھ کام کرتے ہوں۔
- آرٹسٹس جو ایک سے زیادہ ڈسپلنس یا میدانوں میں کام کرتے ہیں۔

**اہلیت:**

آپ پروجکٹ پروپوزل بھیج سکتے ہیں اگر آپ ایک ہندوستانی شہری ہیں۔ آپ کے ساتھ ہم کام کرنے والے افراد کو بھی ہندوستانی ہونا چاہئے۔

مزید تفصیل کیلئے یہاں کلک کریں۔

**پروجیکٹ پروپوزل کیسے بھیجیں:**

-آپ اپنا پروپوزل انگریزی سمیت کسی بھی ہندوستانی زبان میں بھیج سکتے ہیں۔آئی ایف اے انگریزی کے علاوہ ہندوستانی زبانوں میں پروجکٹس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

اپنے پروپوزل میں مندرجہ ذیل کو بیان کیجئے:

-آپ کی موجودہ آرٹ کارکردگی، افکار اور ایک آرٹسٹ کے طور پر آپکی دلچسپیاں۔

-آپکے مجوزہ پروڈکشن کی تفاصیل اور آپ وہ کیوں بنانا چاہتے ہیں۔

-ٹائم لائن (پروڈکشن کی کون سی چیز کب ہوگی) اور بجٹ

-آپکے پچھلے کام کے کچھ نمونے

-آپکے پتے، فون نمبر اور ای میل کے ساتھ آپکا بایوڈیٹا

-وضاحت کیلئے آپ اپنے سوال یا ابھرتے خیالات تحریری، آوازی یا ویڈیو فارمیٹ میں آئی ایف اے اسٹاف کو بھیج سکتے ہیں۔فائنل پروپوزل تحریری شکل میں ہی ہونا چاہئے۔

آپ اپنا فائنل پروپوزل ان طریقوں سے بھیج سکتے ہیں:

پروگرام لیڈ، سمنا چندرشیکھر کے نام ای میل sumana@indiaifa.org

کسی بھی سوال یا اپنے پروپوزل کے بارے میں وضاحت کیلئے اس پر ایمیل بھیجیں

**منتخب کئے گئے تمام پراجکٹس IFA کے ذریعے نافذ کئے جائینگے۔**

**براہ کرم جان لیں کہ IFA ایک ایسا محفوظ ماحول بنانے کیلئے پرعزم ہے جو بچوں سمیت ہر کسی کا احترام، حمایت اور تحفظ کرتا ہو۔پروپوزل بھیجنے والوں بھی اسی تصور سے ہم آہنگ ہونا چاہئے اور اسے ہر وقت برقرار رکھنا چاہئے۔**

**2023-2024 میں آرٹس پریکٹس پروگرام سونی پکچرز انٹرٹینمنٹ فنڈ کے تعاون سے ممکن ہوا۔**